PR NO 38

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

# Press Release

## وفاقی محتسب کے افسران کی مظفرآباد آزاد کشمیر میں کھلی کچہری

## وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

## بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے درجنوں مستحقین کو امداد دینے کی ہدایت

مظفرآباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد اور کنسلٹنٹ خالد سیال نے گزشتہ روز آزاد کشمیر محتسب آفس میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں بڑی تعداد میں شکایت کنندگان نے شرکت کی اور نادرا، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاکستان پوسٹ آفس، قومی بچت اور این ایچ اے سمیت وفاقی محکموں کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات پیش کیں۔ کھلی کچہری میں زیادہ تر شکایات بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے بارے میں تھیں۔ اکثر شکایت کنندگان غیر تعلیم یافتہ ہونے کے باعث بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے طریقہء کار سے آگاہ نہ تھے۔ بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام کے ریجنل ڈائریکٹر ایک ہمدرد شخص ہیں جو مستحقین کی امداد کے لئے ہمہ وقت سرگرم رہتے ہیں۔ انہوں نے تمام مستحق شکایت کنندگان کی اکثر شکایات موقع پر ہی دور کر دیں، جن شکایات میں بعض قانونی رکاوٹیں تھیں انہیں بھی حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ وفاقی محتسب کے افسران نے دیگر اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ وفاقی محتسب کے افسران نے قبل ازیں وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے اختیارات، دائرہ کار اور شکایات داخل کرانے کے بارے میں مفصل گفتگو کی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

12 جولائی 2024ء